26مارچ2021ء

# اسٹیٹ بینک نے عوامی مشاورت کے لیے ڈیجیٹل بینک ریگولیٹری فریم ورک کا مسودہ تیار کر لیا

بینک دولت پاکستان نے عوامی مشاورت کے لیے ایک ڈیجیٹل بینک ڈرافٹ ریگولیٹری فریم ورک تیار کیا ہے۔ مجوزہ فریم ورک انڈسٹری کو دیا گیا ہے اور آراء حاصل کرنے کے لیے اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے(https://www.sbp.org.pk/dfs/Digital-Bank-Regulatory.html) یہ فریم ورک 15 سے زائد ممالک میں جہاں ڈیجیٹل بینک اور اس سے ملتے جلتے ادارے کسی شکل میں کام کر رہے ہیں کئی اہم موضوعات میں عالمی ضوابطی اور انڈسٹری کی بہترین روایات کے وسیع مطالعے کا نتیجہ ہے۔ ایک ڈیجیٹل بینک بنیادی طور پر ڈیجیٹل / الیکٹرانک چینلز کے ذریعے صارفین کے لیے خدمات انجام دیتا ہے اور اس کی روایتی بینکوں کی طرح اینٹ پتھر کی برانچیں نہیں ہوتیں۔ اسٹیٹ بینک کا ہدف پاکستان میں ڈیجیٹل بینکوں کے آپریشن کے لیے ایک مناسب فریم ورک فراہم کرنا ہے۔ یہ اقدام اسٹیٹ بینک کی پاکستان میں ڈیجیٹل مالی خدمات کو فروغ دینے کی کوششوں کا حصہ ہے جن میں روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس(https://www.sbp.org.pk/rda/index.html)، راست فاسٹر پیمنٹ سسٹم (https://www.sbp.org.pk/dfs/Raast.html)، ای ایم آئی لائسنسز اور آپریشن(https://www.sbp.org.pk/dfs/Players.html#c) اور دیگر اقدامات شامل ہیں۔

مجوّزہ فریم ورک کے نتیجے میں ”ڈیجیٹل بینکوں کی لائسنسنگ کے لیے رہنما خطوط، اور ضمنی ضوابط“ سامنے آئیں گے۔ اس میں ڈیجیٹل بینک لائسنسوں کی مختلف اقسام، تشکیلی ماڈلز، اسپانسرز، ڈائریکٹرز اور سی ای اوز کی اہلیت کا کم از کم معیار اور قابلیت بیان کی جائے گی۔ یہ ملکی ضوابطی فریم ورک اس طرح بنایا گیا ہے کہ مالی نظام کی سلامتی اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ کیے بغیر اِس صنعت کو مارکیٹ کی طلب اور مواقع استعمال کرنے کے قابل بنایا جائے۔ نیز، یہ سرمایہ کار دوست ہوگا، اور پاکستان میں اپنی نوعیت کی اولین لچکدار شرائط کا حامل ہوگا۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل مالی خدمات ترقی پسندانہ تبدیلی کے عمل سے گزر رہی ہیں، اسٹیٹ بینک کی طرف سے ان میں مستحکم اصلاحات اور دیگر ساز گار تبدیلیاں متعارف کرائی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں حالیہ اقدامات کے نتیجے میں الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشنز (ای ایم آئی)، نیشنل پیمنٹ سسٹم اسٹریٹیجی (این پی ایس ایس)، فوری پیمنٹ سسٹم (راست)، اور روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (آر ڈی اے) وغیرہ متعارف کرائے گئے ہیں۔ اسٹیٹ بینک نے خطے کے دیگر ملکوں میں رائج ضوابطی رجحانات کے مطابق ڈیجیٹل بینکوں کے لیے ایک الگ فریم ورک لانے پر کام شروع کیا تھا جس میں اہم مقاصد یہ تھے کہ مالی شمولیت، محروم اور نیم محروم طبقوں تک قرضے کی رسائی، صارف کو بہتر سہولت، بینکاری میں اختراعات، اور شمولیتی ڈیجیٹل ایکو سسٹم کے لیے مزید راہیں تلاش کی جائیں۔

مجوزہ فریم ورک کی اہم خصوصیات میں دو قسم کے ڈیجیٹل بینک شامل ہیں: (i) ڈیجیٹل ریٹیل بینک (ڈی آر بی)، جو ریٹیل صارفین کے لیے وضع کردہ ایک منفرد زمرہ ہے، اور (ii) ڈیجیٹل فل بینک (ڈی ایف بی)؛ ڈی آر بی کے لیے بعض کاروباری شرائط کے ساتھ کمرشل آغاز سے کم سے کم تین سال کی عبوری مدت ہوگی اور ڈی ایف بیز کے لائسنس کے اجرا کے لیے کم از کم دو سال درکار ہوں گے۔

ڈی آر بی کے حوالے سے کم سے کم ابتدائی سرمائے کی شرط (ایم سی آر) آزمائشی مرحلے پر ڈیڑھ ارب روپے اور کمرشل آغاز کے لیے 2 ارب روپے ہے جبکہ باقی ماندہ 2 ارب روپے کے ساتھ مجموعی ایم سی آر 4 ارب روپے ہے جو عبوری مدت کے دوران بتدریج پوری کی جائے گی۔ مجوزہ فریم ورک نان بینک اختراعی اداروں کے تکمیلی سیٹ کو فروغ دینے کے ضمن میں مشترکہ سرمایہ کاری کے ماڈل کو اپنانے کے لیے اسپانسرز کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ مجوزہ فریم ورک کسی ای ایم آئی کو ڈی آر بی میں تبدیل ہونے کا اختیار

بھی فراہم کرتا ہے۔ صارفین کے لیے بنیادی طور پر رسائی کے مقامات ڈجیٹل اور الیکٹرانک چینلز ہیں۔ تاہم ڈجیٹل بینک برانڈنگ، صارفین کی شکایات اور نقدلین دین وغیرہ کے لیے سیلز اینڈ سروس سینٹرز اور برانچ لیس بینکاری ایجنٹوں اور دیگر بینکوں کی برانچوں کو استعمال کر سکتا ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ ڈجیٹل بینک ماڈلز، سرگرمیوں کے دائرہ کار، ملکیتی ڈھانچوں، سرمائے سے متعلق امور، ایکو سسٹم پر اشتراک، ٹیکنالوجی اور گورننس کے طریق کار کے حوالے سے اسٹیٹ بینک کے دائرہ کار میں آنے والے اداروں کا ایک سروے کرایا گیا تا کہ اداروں کی کا نقطہ نظر معلوم کیا جا سکے۔ صنعت کے تین بامقصد ورکنگ گروپ تشکیل دیے گئے، جو صنعت کا نقطہ نگاہ اور اِس فریم ورک کے مختلف عناصر پر رائے فراہم کرنے میں خاصے سود مند ثابت ہوئے ہیں۔

اسٹیٹ بینک اب 30 ایّام میں (یعنی 25 اپریل 2021ء تک) عوام الناس کو اس مسودے پر مشورے اور آراء فراہم کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ اپنی آراء اس ای میل ایڈریس feedback.digitalbanks@sbp.org.pk یا درج ذیل پتے پر ارسال کریں:

ڈائریکٹر
شعبہ بینکاری پالیسی اور ضوابط
بینک دولت پاکستان
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان